# مزید کاروائی کی اطلاع

**امکانی غیر تصدیق (TNC)**
**(سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (SSA) اور یو ایس کا شعبہ ہوم لینڈ سیکیورٹی (DHS)**

| For SSA Field Office Staff: use EV-STAR and see POMS RM 10245.005ff | |
|---|---|
| | |
| ملازم کا آخری نام، پہلا نام | ملازم کا سوشل سیکیورٹی نمبر |
| | |
| ملازم کا اے - نمبر | ملازم کا پیدائش کا مہینہ اور سال |
| | |
| امکانی غیر تصدیق کی تاریخ | کیس کی تصدیق کا تمبر |
| اس اطلاع کی وجہ: | |

آپ کا مالک، (مالک کا نام)، "E-Verify" میں شامل ہے۔ "E-Verify" میں آپ کی فراہم کردہ معلومات فارم نمبر آئی – 9 (ملازمت کی قابلیت کی تصدیق) کو سوشل سیکیورٹی ایڈ مینسٹریشن (SSA) اور ڈیپارٹمینٹ آف ہوم لینڈ سیکیورٹی (DHS) کے ریکارڈ کے ساتھ موازنہ کیا جائے گا تاکہ اس بات کی تصدیق ہو سکے کہ آیا آپ یونائیٹڈ سٹیٹس میں کام کرنے کے مجاز ہیں۔

**<u>آپ کو یہ اطلاع کیوں موصول ہوا ہے:</u>**

آپ کو مزید کاروائی کا اطلاع فارم منجانب (مالک کا نام) اس لئے موصول ہوا ہے کہ آپ کے مالک کی طرف سے ("E-Verify") میں فراہم کردہ کچھ معلومات DHS اور SSA میں موجود ریکارڈ سے مماثلت نہی رکھتیں۔ اس کا مطلب ہر گز یہ نہی ہے کہ آپ نے اپنے مالک کو غلط معلومات فراہم کی ہیں یا یہ کہ آپ یونائیٹڈ سٹیٹس میں کام کرنے کے مجاز نہی ہیں۔ آپ کی معلومات متماثل نہ ہونے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں – آپ ان وجوہات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے آن لائن پڑھ سکتے ہیں۔

(https://www.uscis.gov/e-verify/employees/tentative-nonconfirmation-overview ).

اس سے پہلے کہ آپ کے مالک کو یہ بتایا جائے کہ آپ یونائیٹڈ سٹیٹس میں کام کرنے کے مجاز ہیں، آپ کو "E-Verify" سے پہلے کچھ اقدامات کرنے ہوں گے۔

**<u>آپ کو کیا کرنا ہوگا:</u>**

1. **اس صفحہ کے بالکل شروع میں دی گئی آپ کی معلومات کو دوبارہ پڑھیں۔** کسی بھی غلطی کی صورت میں اپنے مالک کو **(مالک کا نام)** آگاہ کریں۔ آپ کا مالک اس کیس کو بند کر سکے گا اور "E-Verify" میں درست معلومات دوبارہ داخل کر سکے گا۔ امید ہے کہ یہ مسلہ حل ہو جائے گا۔ اگر آپ کی معلومات درست ہیں تو آپ اقدام نمبر 2 کی طرف جائیں۔
2. **یہ فیصلہ کریں کہ کی آپ اس کیس کو حل کرنے کے لئے کوئی قدم اٹھانا چاہتے ہیں۔** اگر آپ کی درج بالا معلومات درست ہیں، تو آپ اپنی معلومات کی درستگی کے لئے قدم اٹھانے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ تاکہ DHS اور SSA کے ریکارڈ میں بھی یہ ظاہر ہو سکے کہ آپ یونائیٹڈ سٹیٹس میں کام کرنے کے مجاز ہیں۔

اگر آپ یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ اس کیس کو حل کرنے کے لئے کوئی قدم اٹھا نا نہی چاہتے، تو "E-Verify" اس بات کی تصدیق نہی کر سکے گی کہ آپ یونائیٹڈ سٹیٹس میں کام کرنے کے مجاز ہیں اور آپ کا مالک آپ کی ملازمت ختم کر سکتا ہے۔

ملامین کیے حقوق اور فرائض کے بارے میں مزید معلومات کے لئے وزٹ کریں، www.uscis.gov/e-verify/employees-rights-and-responsibilities.

**کیس کو حل کرنے کے لئے اقدامات کرنا:**

آپ کے پاس آپ کے مالک کی جانب سے "E-Verify" کو کیس بھیجے جانے کی تاریخ کے **بعد وفاقی حکومت کے 8** کام کے دنوں کا وقت ہے جس میں آپ کوئی قدم اٹھا سکتے ہیں۔ (SSA کے فیلڈ آفس جائیں اور DHS سے رابطہ کریں) آپ کے مالک کے لئے ضروری ہے کہ وہ آپ کو تصدیق کی تاریخ کا حوالہ فراہم کرے، جس سے آپ کو یہ پتہ چلے گا کہ آپ کو کس تاریخ کو SSA جانا ہے اور DHSسے رابطہ کرنا ہے۔

---

**SSA کے فیلڈ آفس کا دورہ:**

کیس کو حل کرنے کے لئے اقدامات کا آغاز کرنے کے لئے، آپ کو لازمی طور پر SSA کے فیلڈ آفس کا دورہ کرنا پڑے گا تاکہ آپ اپنی معلومات اپ ڈیٹ کرواسکیں۔ اگر آپ کسی ایسے علاقے میں رہتے ہیں جہاں SSA کارڈ سینٹر ہے، تو آپ کو SSA کے کارڈ سینٹر جانا ہوگا۔ SSA کے آفس کا پتہ حاصل کرنے کے لئے وزٹ کریں www.socialsecurity.gov/locator , یا اس نمبر پر SSA کال کریں ) 800-772-1213 ٹی ٹی وائے (800-325-0778:

جب آپ SSA کے آفس آئیں تواس مزید کاروائی کے اطلاع کو اپنے ہمراہ لائیں۔ SSA کو بتائیں کہ آپ E-Verify کے مسلے کا شکار ہیں۔

SSA بغیر کسی ثبوت کے آپ کا ریکارڈ تبدیل نہی کرسکتا۔ درج ذیل میں مثال کے طور پر کچھ دستاویزات کا حوالہ ہے تاکہ آپ کی عمر، شناخت، نام کی تبدیلی، اور شہریت کا احوال ثابت کیا جاسکے۔ اپنے ساتھ اصلی دستاویزات لائیں نا کہ فوٹو کاپیاں:

- عمر کا ثبوت: پیدائش سرٹیفیکیٹ یا پاسپورٹ
- شناخت کا ثبوت: ڈرائیونگ لائسینس یا پاسپورٹ
- قانونی طور پر نام کی تبدیلی: نکاح نامہ، اگر آپ کا موجودہ نام ایس ایس این کارڈ پر نہی ہے۔
- امریکی شہریت یا کام کا اجازت نامہ کا احوال کا ثبوت:
  - اگر امریکی شہریت ہو – ایک نیوٹرالائزیشن سرٹیفیکیٹ، یو۔ایس پبلک برتھ سرتیفیکیٹ، یا یو۔ایس پاسپورٹ یا
  - اگر آپ امریکی شہری نہی ہیں – مستقل رہائش کارڈ (فارم آئی-551)، ملازمت کا اجازت نامہ (فارم آئی-766)، یا آمد –روانگی کا ریکارڈ (فارم آئی-94) جس پر آپ کی ملازمت کا احوال ظاہر ہو۔

**DHS سے رابطہ:**

اس مسلے کو حل کرنے کے لئے اقدامات کے طور پر، DHS کو اس نمبر پر کال کریں۔

) 800-877-8339ٹی ٹی وائے(800-877-8339 : - متعلقہ نمائیندہ آپ کا مسئلہ حل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔

جب آپ DHS کال کریں تو اپنے سامنے مزید کاروائی کا اطلاع ضرور رکھیں، تاکہ آپ اس کا حوالہ دے سکیں۔ DHS کا نمائندہ آپ سے اضافی معلومات یا دستاویزات بارے پوچھ سکتا ہے تاکہ آپ کا مسئلہ حل کیا جاسکے۔ اگر آپ کو کسی دیگر زبان میں مدد درکار ہو، تو آپ مترجم کی مدد ضرور مانگیں۔

---

اپنے کیس کا احوال جاننے کے لئے، myE-Verify پر وزٹ کریں

https://selfcheck.uscis.gov/SelfCheckUI/CaseTracker

براہ مہربانی درج ذیل میں نشاندہی کریں کہ آپ اس کیس کو حل کرنا چاہتے ہیں یا نہی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| **میں چناؤ کرتا/تی ہوں: (ایک پر نشان لگائیں)** | | | |
| ☐ | **میں اس E-Verify کیس کو حل کرنے کے لئے اقدامات کروں گا/گی۔ میں سمجھتا/تی ہوں کہ ـــــــ تک مجھے اقدام کرنا ہوگا۔** | | |
| ☐ | **میں اس E-Verify کیس کو حل کرنے کے لئے کوئی اقدام نہی کروں گا/گی۔ مجھے معلوم ہے کہ اگر میں نے کوئی اقدام نہ کیا -E** | | |
| ملازم کے دستخط | | تاریخ | |